26725- بھول کر وقت سے پہلے ہی رمی کرلی

سوال

جس نے عید کے دوسرے دن زوال سے پہلے ہی چاشت کے وقت رمی کرلی اور بعد میں اسے علم ہوا کہ رمی کا وقت توظہر کے بعد ہے ، اس پر کیا واجب ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

جس نے عید کے دوسرے دن زوال سے قبل ہی رمی کرلی اسے چاہیے کہ وہ زوال کے بعد دوبارہ رمی کرے ، اوراگر اسے اپنی اس غلطی کا علم ہی تیسرے یا چوتھے روز ہوا تووہ تیسرے یا چوتھے روز ہی زوال کے بعد رمی کرلے لیکن وہ اس دن کی رمی کرنے سے پہلے پچھلے دن کی رمی کرے ، اوراگر اسے چوتھے روز غروب شمس کے بعد اپنی غلطی کا علم ہو تووہ رمی نہ کرے بلکہ اس کے ذمہ دم آئے گا جو حدود حرم میں ذبح کرکے فقراء مساکین میں تقسیم کیا جائے گا ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پراپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .